'فیملی ری یونیفکیشن (خاندان کا ملاپ) کیا ہے؟'

فیملی ری یونیفکیشن (خاندان کا ملاپ) کئی ممالک میں نقل وطن کی ایک تسلیم شدہ وجہ ہے۔ اگر کسی ایک مخصوص ملک میں کسی خاندان کا ایک فرد یا زیادہ افراد پہلے سے رہائش پذیر ہیں تو بقیہ خاندان بھی اسی ملک میں نقل وطن کرنے کا اہل ہو سکتا ہے۔

فیملی ری یونیفکیشن قوانین کسی خاندان کے ایک ساتھ رہنے کے حق کے ساتھ اس ملک کے نقل وطن کو قابو میں رکھنے کے حق میں توازن لانے کی کوشش کرتا ہے۔

اگر آپ کے خاندان کے افراد کسی دوسرے یورپی ملک میں پہلے سے قانونی طور پر رہائش پذیر ہیں تو یہ بات بہت ضروری ہے کہ آپ گریک اسائلم سروس (یونان کی سیاسی پناہ کی خدمت) کو اس کی اطلاع دیں اور یہ بتائیں کہ آپ وہاں پر ان کے ساتھ شامل ہونا چاہتے ہیں۔

'کیا اس کا مجھ پر اطلاق ہوتا ہے؟'

اگر آپ درج ذیل شرائط میں سے کسی ایک شرط پر پورے اترتے ہیں تو آپ ایک دوسرے یورپی ملک میں اپنے خاندان کے ساتھ رہائش اختیار کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں:

- اگر آپ 18 سال سے کم عمر کا ایک بچہ ہیں اور اپنے والدین یا قانونی سرپرست کے بغیر سفر کر رہے ہیں تو آپ اپنی والدہ/والد، بہن/ بھائی، خالہ/پھوپھی/ماموں/چچا یا نانی/ دادی/ نانا/دادا کے پاس جانے کی درخواست دے سکتے ہیں۔ تنہاہ اور علیحدہ شدہ بچوں کے لیے اضافی معلومات ذیل میں فراہم کی گئی ہے۔
- اگر آپ 18 سال سے زائد عمر والے ایک بالغ فرد ہیں تو اس صورت میں، آپ اپنے یا اپنی شریک حیات کے ساتھ رہنے یا اپنے نا بالغ بچے کے ساتھ، کسی دوسرے یورپی ملک میں قانونی طور پر رہنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے دعوے کو ثابت کرنے میں مدد کرنے والی دستاویزات دکھانی ہونگی۔

آپ کو اپنے خاندان کے افراد کو اس ملک میں سیاسی پناہ ملنے کے انتظار کی ضرورت نہیں ہوگی۔

(آرٹیکل 10-ڈبلین III "خاندان کے افراد جو بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہیں")

ممکنہ استثناء

خاص طور پے زدپذیر لوگ یعنی جنہیں کوء خطرہ ہو۔

بعض معاملات میں، کوئی یوروپی ملک فیملی ری یونیفکیشن کی درخواست منظور کر سکتا ہے، چاہے آپ درج بالا شرائط کی پر پورے نہ اترتے ہوں ۔ یہ ایسے لوگ ہو سکتے ہیں، جن کی صحت بہت کو شدید مشکلات درپیش ہوں یعنی کوء شدید بیماری ہو یا جنہیں دیگر مخصوص ضروریات لاحق ہوں۔ اگر آپ کو اس قسم کی ضروریات ہوں توآپ اپنے اندراج کے موقع پر فیملی ری یونیفکیشن کے بارے میں ضرور معلومات حاصل کریں ۔ اس کا فیصلہ ہر معاملہ کی انفرادی نوعیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ اگر آپ یا کوئی رشتہ دار خصوصی طور پر ایک زدپذیر معاملہ ہو تومزید معلومات نیچے فراہم کی گئی ہے۔

اگر فیملی ری یونیفکیشن کے لیے آپ کی درخواست کو رد کیا جائے تو یونان کی حکومت اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ آیا آپ یونان میں سیاسی پناہ حاصل کر سکتے ہیں۔

"میں فیملی ری یونیفکیشن (خاندان کےمِلاپ) کے لیے کیسے درخواست دوں؟"

آپ صرف گریک اسائلم سروس (یونان کی سیاسی پناہ کی خدمت) میں مکمل رجسٹریشن کے موقع پر ہی فیملی ری یونیفکیشن (خاندان کے میلاپ) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

- اگر آپ جزیروں میں ہیں تو آپ وہاں پر پہنچنے کے بعد آپ کا خودبخود راندراج ہو جائے گا۔
- اگر آپ ملک کے مرکزی زمینی حصہ میں ہیں توآپ کو اپنے مکمل اندارج یا رجسٹریشن کے لیےانتظار کرنا ضروری ہے۔

مکمل رجسٹریشن کے اپائنٹمنٹ یعنی ملاقات میں کیا ہوتا ہے؟

مکمل رجسٹریشن کے اپائنٹمنٹ کے موقع پر، اس بات کا فیصلہ کیا جائے گا کہ آیاآپ کے پاس ری یونیفکیشن (خاندان کے میلاپ) کا ایک درست دعویٰ موجود ہے۔ اپنے بنیادی خاندان کی ایک دوسرے ملک میں موجودگی کو ثابت کرنے والی دستاویزات کی فراہمی کے لیے تیار رہیں۔ اگر آپ تمام درست دستاویزات کی تیاری کے ساتھ جائیں تو گریک اسائلم سروس (یونان کی سیاسی پناہ کی خدمت) کے لیے اس بات کا تعین بہت ہی آسان تر اور تیز تر ہو گا کہ آیا آپ کے پاس فیملی ری یونیفکیشن (خاندان کے میلاپ) کا درست دعویٰ موجود ہے یا نہیں۔ درست دستاویزات کو فراہم کرنے میں ناکامی سے یہ عمل کافی حد تک سست ہو سکتا ہے۔ ممکنہ طور پر درکار دستاویزات سے متعلق معلومات ذیل میں ہیں۔

اگر اس بات کا فیصلہ کیا جائے کہ آپ کے ایک درست دعویٰ رکھتے ہیں تو یونان آپ کی فائل لینے والے ملک کو بھیجے گا جہاں پر آپ کا خاندان موجود ہے۔

یونان یہ کام تین ماہ کی مدت میں انجام دے گا، لیکن بعض اوقات یہ تیزی سے سر انجام پاتا ہے۔

اس رجسٹریشن کے اپائنٹمنٹ کے موقع پر آپ کو اپنے پاسپورٹ اور شناختی دستاویزات اپنے ساتھ رکھنا ہوگا، لیکن یہ چیزیں آپ کے فیملی ری یونیفکیشن کی تکمیل پر آپ کو واپس کی جائیں گی۔

فیملی ری یونیفکیشن کے لیے درکار چیزوں سے متعلق بہت زیادہ تفصیلات کے لیے ہماری ویب سائٹ www.refucomm.org کے سیکشن ''ڈبلن III'' کو ملاحظہ فرمائیں۔

رجسٹریشن کے اپائنٹمنٹ پر آپ کو ایک کارڈ جاری کیا جائے گا، یہ اس طرح کا ہوگا۔:



Όνομα πατέρα/ Father's name

Όνομα μητέρας/ Mother's name

Ημερομηνία γέννησης/Date of birth

Τόπος γέννησης/Place of birth

Υπηκοότητα/Nationality

Διεύθυνση διαμονής/Residence address
ΑΘΗΝΑ, ΑΘΗΝΩΝ /

Ημερομηνία έκδοσης/Date of issue
10/06/2013

Ημερομηνία Υποβολής αιτήματος/Date of appplication
10/06/2013

Αριθ. Υπ./Case No:
Αριθ. Δελτίου/Card No:

Ημερ. συνέντευξης ή εξέτασης προσφυγής/ Date of interview or examination of appeal
17/06/2013

Ημερομηνία λήξης/Date of expiry
10/09/2013

Υπογραφή αιτούντος Υπογραφή υπαλλήλου
signatures

Όνομα/ Name

Επώνυμο/ Surname

آپ کے کارڈ کے اوپری دائیں کنارے پر ایک اور تاریخ ہے: ''انٹرویو یا اپیل کے جائزہ کی تاریخ''۔

اگر آپ اس تاریخ کو اب بھی یونان میں ہیں اور آپ کے ری یونفکیشن کیس کی پیش رفت نہیں ہوئی ہو تو آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے کیس نمبر پر مشتمل اپنے شناختی کاغذ کے ساتھ گریک اسائلم سروس سے رابطہ کریں۔

مکمل رجسٹریشن کے اپائنٹمنٹ کے بعد کیا ہوتا ہے؟

آپ کی درخواست قبول کرنے 'والا' ملک آپ کی فیملی ری یونیفکیشن کی درخواست کو اپنے پاس لے لے گا اور آپ کے دعوے کا مکمل طور پر جائزہ لیے جانے تک آپ کو آپ کے رشتہ دار کے پاس قیام کرنے کے لیے منتقل کرے گا۔

لینے والا ملک آپ کی درخواست کا فیصلہ 2 ماہ میں کرے گا۔

لینے والے ملک کے ذریعہ کوئی فیصلہ لیے جانے کے بعد گریک اسائلم سروس (یونان کی سیاسی پناہ کی خدمت) کو اپنے فیصلہ سے مطلع کرے گا، جو آپ کو ان کے فیصلہ سے آگاہ کرے گی یا وہ آپ سے معاون دستاویزات طلب کر سکتی ہے۔ اگر آپ فیملی ری یونیفکیشن کے لیے منظور کیے جائیں تو یونان کے پاس آپ کو لینے والے ملک کو بھیجنے کے لیے 6 ماہ کی مدت دستیاب ہوگی اور وہ آپ کو سفری دستاویزات فراہم کرے گا۔

آپ کی ٹکٹ اسائلم سروس کے ذریعہ آپ کو دستیاب کی جائے گی۔ تاہم، آپ اس عمل کو تیز کرنے کے لیے اپنے ہواء سفر قیمت کی ادائیگی کا انتظام کر سکتے ہیں، کیونکہ سفری ٹکٹوں کے لیے انتظار کا وقت طویل تر ہو سکتا ہے۔

آپ کی روانگی سے تقریباً 24 گھنٹوں پہلے، آپ کو گریک اسائلم آفس سے اپنی ٹکٹ حاصل کرنے یا خریدنے کے لئے اسائلم آفس میں حاضری دینے کے لیے آپ کو ایک فون کال آئے گی۔ تقریبا 2 ہفتے کی مدّت کے بعد، آپ اپنے لینے والے ملک کے لیے ہواء سفر کریں گے۔

آپ کو یونان چھوڑنے کے موقع پر، اپنے پاسپورٹ یا شناختی دستاویزات دے دیئے جائیں گے۔

اگر آپ کو یا آپ کے خاندان کو لینے والے ملک میں سیاسی پناہ حاصل مل جائے تو آپ کو رہائشی اجازت نامہ دیا جائے گا، جس سے اس بات کا پتہ لگے کہ آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت نہیں ہے تب بھی آپ کو خاندانی زندگی کا حق ہے۔

فیملی ری یونیفکیشن سے متعلق مزید تفصیلات

آپ کے فیملی ری یونفکیشن کے کیس کو ثابت کرنے کے لیے دستاویزات

اگر آپ کے پاس کوئی ایسی دستاویزات ہیں جس کے بارے میں آپ کا خیال ہو کہ یہ متعلقہ ہو سکتی ہے مگر آپ یہ بات یقینی طور پر نہیں کہہ سکتے تو، اس کی ایک نقل گریک اسائلم سروس میں اپنے انٹرویو کے موقع پر اپنے ساتھ لائیں۔

یہ ضروری نہیں کہ خاندان کے ملاپ کے اصولوں پر اترنے کے تمام زمرات والے کاغذات یا دستاویزات آپ کے پاس ہوں لیکن اگر آپ کے پاس ان میں سے کوئی سی بھی دستاویز موجود ہے تو ان کی نقل کی پرنٹ کروائیں (اگر لاگو ہو تو) اور ان کو اپنے انٹرویو کے موقع پر اپنے ساتھ لائیں۔

ڈبلن III ریگولیشن کا آرٹیکل 2 (34): ڈبلن خاندان کے میلاپ کی درخواستوں کے لئے ممکنہ طور پر متعلقہ دستاویزات کی فہرست

(الف) درخواست گزار کی ذاتی تفصیلات، اور جہاں کہیں موزوں ہوں اس کے خاندان کے افراد، رشتہ دار یا خاندان کے کوئی دوسرے رشتہ دار (مکمل نام اورجہاں کہیں موزوں ہوں سابقہ نام؛ پکارے جانے والے نام یا فرضی نام، قومیت، موجودہ اورر سابقہ؛ تاریخ اور مقام پیدائش) کی فہرست؛

کسی قسم کی سرکاری دستاویزات جو آُپ کا اس رشتہ دار سے، جس کے ساتھ آپ دوسرے یورپی یونین کے ملک کے ساتھ دوبارہ ملاپ کرنا چاہتے ہیں، **خاندانی** رشتہ ظاہر کرتے ہیں۔

(ب) شناختی اور سفری کاغذات (حوالہ جات، درستگی، تاریخ اجرا، جاری کرنے والی اتھارٹی، مقام اجراء وغیرہ)؛

کسی قسم کی سرکاری دستاویزات جو آپ کی شناخت اور آپ کے رشتہ دار کی شناخت ظاہر کرتی ہوں۔

(ج) درخواست گزار کی شناخت کو تسلیم کرنے والی دیگر معلومات، بشمول ریگولیشن (یورپی یونین) نمبر 603/2013، 29.6.2013، آفشل جرنل آف یوروپین یونین L 180/49 EN کے مطابق گزاری گئی فنگر پرنٹس۔

یہ وہ معلومات ہے جن تک یونانی حکّام اور دوسرے ملک، جہاں پر آپ کے رشتہ دار موجود ہیں، کو ان تک رسائی حاصل ہولیکن آپ کو ان تک رسائی حاصل نہ ہو، تاکہ اس بات کا امکان نہ ہو کہ آپ نے انھیں تیار کیا ہے۔

(د) مقام رہائش اور سفر کے راستے؛

کسی قسم کی ایسی دستاویزات جو اس بات کو ظاہر کرتی ہوں کہ آپ اور آپ کے رشتہ دار رہائش پذیر ہوں اور وہاں پر پہنچنے کے لیے آپ دونوں کے سفر کے راستے کیا تھے۔

(ھ) رہائشی دستاویزات یا ایک رکن ملک کے ذریعہ جاری کردہ ویزے۔

کسی قسم کی سرکاری دستاویزات جو اس بات کو ظاہر کرتی ہوں کہ آپ کے رشتہ دار کوایک دوسرے یوروپی یونین کے ملک میں قیام کی اجازت حاصل ہے، یا تو رہائشی اجازت نامہ یا اس ملک کی طرف سے جاری کردہ پاسپورٹ، یا دیگر قسم کی قانونی رہائش جو کہ ان کے مکمل طور پر رجسٹر ہونے کے بعد ان کی سیاسی پناہ کی درخواست کے معائنہ کے موقع پر انہیں فراہم کی گئی ہوں– ایسا بیک وقت نہیں ہو سکتا، کیونکہ وہ پہلے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے لیے اپنے ارادہ کو رجسٹر کرتے ہیں، یہ ایک قسم کی رہائشی دستاویز ہے جو کہ عموماً ان کے ذریعہ اپنے دعوے کو مکمل طور پر رجسٹر کیے جانے کے بعد اور ان کے دعوے کے بنیادی حقائق کے اندراج کے لیے ان کے انٹرویو لیے جانے کے بعد جاری کیا جاتا ہے، لیکن ان کے دعوے کا ابھی تک مکمل طور پر جائزہ نہیں لیا گیا ہو اور اس پر فیصلہ نہیں کیا گیا ہو۔ اگر آپ کو یقینی طور پر یہ بات معلوم نہیں ہے کہ آیا آپ کے رشتہ دار کی رہائشی دستاویز ان کے سیاسی پناہ کی کارروائی کے ایک درست مرحلہ میں ہے یا نہیں تاکہ آپ اب ان کے ساتھ خاندانی میلاپ کے لیے درخواست دیں، تو ایک نقل یا پرنٹ نکالیں اور گریک اسائلم سروس (یونانی سیاسی پناہ کی خدمت) کے پاس اسے لائیں، وہ فیصلہ کریں گے۔

اگر آپ معلومات یا تعاون کے لیے اسائلم سروس (سیاسی پناہ کی خدمت) تک تیزی کے ساتھ رسائی نہیں حاصل کر سکتے تو اور آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہتے کہ آپ نے اپنے خاندان کے ملاپ کو ممکنہ حد تک جلد بنانے کے لیے تمام درست دستاویزات کو تیار کیا ہے، آپ یونان میں اپنے علاقہ کے ایو این ایچ سی آر کے قانونی امداد کے نفاذ کے شراکت دار سے یہ معلومات اور تعاون حاصل کریں۔ یہ میٹاڈریسی یا ڈی آر سی یا کوئی دوسرا ادارہ ہو سکتا ہے، جو کہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کہاں پر ہیں۔ ہماری اس ویب سائٹ پر اہم تنظیموں کی کئی فرستیں ہیں: www.refucomm.org

(و) وہ جگہ جہاں پر درخواست جمع کی گئی تھی؛

یہ آپ کے بین الاقوامی تحفظ کے رجسٹریشن کاغذات یا کارڈ پر ہے۔

تنہا اور علیحدہ شدہ بچے

قانون کے مطابق تمام دیگر تحفظات پر بچوں کے بہترین مفادات کو مقدم رکھنا ہوگا۔

- تنہا بچے 18 سال سے کم عمر والے وہ بچے ہیں جو اپنے والدین یا ان کی دیکھ بھال کرنے والے خاندان کے کسی بالغ فرد کے بغیر ہیں۔
- علیحدہ شدہ بچے18 سال سے کم عمر والے وہ بچے ہیں جو یا تو اپنے والدین میں سے کسی ایک کے ساتھ یا خاندان کے کسی دوسرے فرد سے جدا ہو گئے ہوں ۔ تنہا اور علیحدہ شدہ بچے خاندان کے ملاپ کی کارروائیوں میں ترجیح کے حقدار ہیں۔

14 سال سے کم عمر والے بچے۔

اگر خاندان کے ملاپ کا دعویٰ کسی 14 سال سے کم عمر کے تنہا یا علیحدہ شدہ بچہ سے متعلق ہو تو، اس کے رجسٹر شدہ علاقہ کا یونان کاپبلک پراسیکیوٹر درج ذیل میں سے کسی ایک کام کی انجام دہی کے لیے ذمہ دار ہے:

- **بہترین مفادات کا تعین**، یا اگر وہ تنہا ہوں یا ...
- اگر وہ اپنے والدین سے **علیحدہ شدہ** ہیں تو **بہترین مفادات کی تشخیص**۔

اگر بچے کے **بہترین مفادات کا تعین** یا **بہترین مفادات کی تشخیص** اس بات پر متفق ہو کہ وہ جس رشتہ دار کے ساتھ ملاپ کے لیے درخواست کر رہے ہیں، اس کے ساتھ بچے کا ملاپ، بچے کے بہترین مفادات میں ہو....

...اور اگر وہ والدین میں سے کسی ایک سے علیحدہ شدہ ہیں

...اور اگر علیحدہ شدہ والدین بھی یہ رضامندی دیں یا ان کی رضامندی حاصل کی گئی ہو

... یا اگر ان کے ساتھ رابطہ کرنا ممکن نہ ہو

... یا وہ ایک معقول وقت میں جواب نہ دیں......

... توپبلک پراسکیوٹر بچہ کو اس کے رشتہ دار کے ساتھ میلاپ کے لیے اجازت دینے کا فیصلہ کرنا ہوگا۔

یونان کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے اوقات بہت ہی مختلف ہیں اور بعض علاقوں میں تنہا بچوں کے قانونی سرپرست کے طور پر مقرر شدہ پبلک پراسیکیوٹر سے بروقت ردعمل یا فیصلہ حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ یہ اسائلم سروس (سیاسی پناہ کی خدمت) کے اختیار کے اندر نہیں ہے۔

14 اور 18 سال کی درمیانی عمر والے بچے۔

اگر آپ کے خاندان کے ملاپ کا دعویٰ 14 سال سے بڑے اور 18 سال سے چھوٹی عمر والے کسی تنہا نابالغ بچے سے متعلق ہے تو آپ کو اس بات کا ثبوت پیش کرنا پڑ سکتا ہے کہ وہ نابالغ والدین یا خاندان کے کسی بالغ فرد کے ساتھ ملاپ کے لیے **رضامند** ہے۔ اگر وہ جس رشتہ دار کے ساتھ ملاپ کے لیے درخواست دے رہے ہیں وہ اس کے والدین میں سے کوئی نہیں ہے تو آپ کو یہ بات ظاہر کرنی پڑ سکتی ہے کہ یہ رشتہ دار ان کی ذمہ داری اٹھانے کے لیے تیار ہے اور اس ذمہ داری کو اٹھا سکتا ہے۔ ان کے ارادہ کو واضح کرنے والا ایک سادہ، تحریری دستخط شدہ اقرار نامہ کافی ہو گا۔

اگر خاندان کے ملاپ کا دعویٰ ایک ایسے بچے کے متعلق ہے جو 14 سال سے زائد اور 18 سال سے کم عمر کا ہے اور والدین میں سے کسی ایک یا خاندان کے کسی بالغ فرد کے ساتھ ہے، جو اس کے والدین نہیں ہیں تو اس بات کا ثبوت دکھانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ علیحدہ شدہ والد / والدہ/ والدین سے اس رشتہ دار کے ساتھ جن کے ساتھ وہ ملاپ کرنا چاہتا ہے، میلاپ کرنے کے لیے رضامندی حاصل کی گئی ہے۔

خصوصی زدپذیری والے معاملات

جب کوئی شخص یا اس کا رشتہ دار خصوصی طور پر زدپذیر ہو یعنی انہیں کوء خطرہ ہو، اور ان میں سے دونوں مختلف یوروپی یونین کے ممالک میں بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہوں تو وہ ایک رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ اس طریقہ سے زیادہ تیزی کے ساتھ ملاپ کر سکیں گے۔

ڈبلن III ریگولیشن میں ایک ہیومنیٹیرین کلاؤز (انسانی ہمدردی کی بنیاد والی شق) ہے، جس میں بیان کیا گیا ہے کہ یوروپی یونین کے رکن ممالک آپ کو اور آپ کے رشتہ دار کے ملاپ کے لیے رہائشی اجازت نامہ دینے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، چاہے وہ اس ریگولیشن کی شقوں کے تحت صحیح طور پر اس کے ذمہ دار نہ ہوں۔

اگر آپ کے خیال میں آپ پر اس کا اطلاق ہو سکتا ہے تو مزید معلومات، تعاون کی درخواست کر سکتے ہیں، خصوصاً ڈینش ریفیوجی کاؤنسل (ڈی آر سی) https://drc.dk/ کی قانونی امداد کی ٹیم یا یوروپی بار ایسوسی ایشن کے قانونی امدادی مشن برائے لیسبوس (CCBE-DAV) سے۔
http://www.europeanlawyersinlesvos.eu/

یوروپی یونین کے بعض ممالک بشمول جرمنی میں، انسانی ہمدردی کی اسباب والے استثنائی حالات کے لیے، رہائشی اجازت نامہ بخشنے کے لیے ایک دوسری کارروائی موجود ہے، جو تیز تر ہو سکتی ہے۔ چونکہ جرمنی سیاسی پناہ اور خاندان ملاپ کی درخواستوں کو گزارنے کے کاموں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے اس لیے اس بات کا امکان ہے کہ اس کے اطلاق کے لیے 'استثنائی حالات' کی سطح بہت ہی خاص وجہ ہوگی۔

اگر آپ کو اپنی یا دوسرے یوروپی یونین کے ملک میں اپنے رشتہ دار کی شدید زد پذیری کی وجہ سے فوری خاندانی ملاپ کی ضرورت ہو تو مزید معلومات اور تعاون کے لیے درخواست دیں۔

اگر آپ مکمل طور پر بے یقینی کے شکار ہیں تو مجاز قانونی معلومات اور تعاون حاصل کریں

خاندان کے ملاپ کی کارروائی پیچیدہ ہے۔ اگر آپ کو قانونی معلومات یا امداد کی ضرورت ہے تو، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ذریعہ رابطہ کیا گیا وکیل ان کارروائیوں کے متعلق واقعی صاحب علم اور تجربہ کار ہے۔ ہر ایک علاقہ میں موجود یو این ایچ سی آر کے قانونی نفاذ کے شراکت داران، ان کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات کے لیے جوابدہ ہیں اور اس لیے آپ ان کی معلومات اور مشورہ کو زیادہ قابل اعتماد تصور کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو یقینی طور پر یہ معلوم نہیں ہے کہ یونان کے اس علاقہ میں یو این ایچ سی آر کی قانونی امداد کی نفاذ کی تنظیم کونسی ہے، جہاں پر آپ کی سیاسی پناہ کی درخواست رجسٹر ہے، تو اپنے علاقہ کے یو این ایچ سی آر کے پروٹیکشن افسر سے دریافت کریں۔ اگر آپ کسی دوسرے یو این ایچ سی آر عملہ سے دریافت کریں تو ممکن ہے کہ وہ آپ کو درکار سوالات کے جوابات جانتے نہ ہوں، لیکن وہ آپ کو آپ کے علاقہ میں موجود یو این ایچ سی آر کے پروٹیکشن افسران کے پاس بھیجیں گے۔

آپ یو این ایچ سی آر کے پروٹیکشن ریفرل پاتھ وے دستاویز کا ترجمہ کرانے اور آپ کے لیے مہیا کرنے کی بھی درخواست کر سکتے ہیں تا کہ آپ کو اس بات سے واقفیت حاصل ہوں کہ مختلف قسم کی تفتیشات اور مشکلات کے سلسلہ میں مدد کے لیے کس شخص اور کس تنظیم سے درخواست کی جائے۔

آپ رابطہ کا فارم استعمال کرتے ہوئے، www.refucomm.org پر ہمارے وکلاء سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

آپ پر سلامتی ہو اور ہم اس بات کی امید کرتے ہیں کہ آپ بہت جلد اپنے خاندان کے ساتھ مل جائیں۔